ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

## FEBRUARY-2012

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**AFTAB 08 FEBRUARY 2012**

# جنرل سکریٹری لطیف احمد وانی کے ساتھ تعزیت کا اظہار

سرینگر/اسلامک دعوت سنٹر دارالعلوم محمدیہ اور ہمسفر میرج کونسلنگ سیل چھتہ بل کے جنرل سکریٹری لطیف احمد وانی کے والد نسبتی عبدالعزیز ساکن سونہ وار سرینگر اس دنیا سے انتقال کر گئے۔ ان کا انتقال ۶ فروری ۲۰۱۲ء سوموار کو نماز مغرب کے بعد ہو گیا۔ مرحوم کچھ عرصہ سے علیل تھے۔ ان کے انتقال پر تینوں اداروں یعنی اسلامک دعوت سنٹر دارالعلوم محمدیہ چھتہ بل اور ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے دفاتر میں تعزیتی اجلاس طلب کئے گئے جن کی صدارت ادارہ کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرو نے فرمائی۔ اجلاس میں مرحوم کے حق میں ایصال ثواب کیا گیا اور جنرل سکریٹری کے ساتھ اور مرحوم کے پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ آخر پر یہ دعا کی گئی کہ رب کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو اجر عظیم بھی عطا کرے۔ اور اس صدمے پر صبر کرنے کی توفیق بھی عطا کرے۔

Aftab 08/02/2012

جاری کردہ معاون سکریٹری (ایشان احمد ڈار)

اسلامک دعوت سنٹر دارالعلوم محمدیہ اور ہمسفر میرج کونسلنگ سیل چھتہ بل سرینگر

**GREATER KASHMIR 08 FEBRUARY 2012**

# IDC GENERAL SECRETARY BEREAVED

The respected father-in-law of Jenab Lateef Ahmad Wani Sahib (General Secretary of Islamic Dawah Centre, Darul Uloom Muhammadiyah and Humsafar marriage counseling cell) passed away on Feb 06, 2012 Monday. The Deceased Jenab Abdul Azeez Sahib was a noble man. The esteemed director of IDC, Jenab Fayyaz Ahmad Zarroo Sahib and all tiers of management of this organization express their heart felt condolences on this sad occasion. May Almighty Allah admit the deceased to Jannat-ul-Firdous and give his family the strength to bear this loss.

Eishan Ahmad Dar
Under Secretary Islamic Dawah Centre IDC
Chattabal Srinagar

Greater Kashmir
08/02/2012

# SRINAGAR TIMES 08 FEBRUARY 2012

## جنرل سیکریٹری محترم لطیف احمد وانی کے والد نسبتی فوت

سرینگر//اسلامک دعوت سینٹر، دارالعلوم محمدیہ اور ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل چھتہ بل کے جنرل سیکریٹری لطیف احمد وانی کے والد نسبتی عبدالعزیز سونہ وار سرینگر اس دنیا سے انتقال کر گئے۔ اُن کا انتقال 6 فروری سوموار 2012 کو نماز مغرب کے بعد ہوا۔ مرحوم کچھ عرصہ سے علیل تھے۔ اُن کے انتقال پر تینوں اداروں یعنی اسلامک دعوت سینٹر، دارالعلوم محمدیہ چھتہ بل اور ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے کے دفاتر میں تعزیتی اجلاس طلب کئے گئے۔ جن کی صدارت ادارہ کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرو نے کی۔ اجلاس میں مرحوم کے حق میں ایصال ثواب کیا گیا اور جنرل سیکریٹری اور مرحوم کے پسماندگان کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں دعا کی گئی کہ رب کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو اجر عظیم عطا کرے۔

معاون سیکریٹری (ایشان احمد ڈار)

اسلامک دعوت سینٹر، دارالعلوم محمدیہ اور ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل چھتہ بل سرینگر

(Srinagar Times
08/02/2012)

**AFTAB 14 FEBRUARY 2012**

# ہمسفر کا ریڈیو پروگرام کشمیری کے علاوہ اردو زبان میں بھی نشر کیا جائے

ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہر ہفتے جمعہ کے دن صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ایک خصوصی پروگرام ہمسفر نشر ہوتا ہے وہ ہمارے سماج کی اصلاح کیلئے، میاں بیوی کے آپسی تعلقات کو خوشگوار رکھنے کیلئے اور ہماری گھریلو زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے بہت ہی مفید پروگرام ہے۔ یہ پروگرام کشمیری زبان میں نشر کیا جاتا ہے۔ جبکہ یہاں جموں میں ہماری زبان اردو ہے۔ جس کی وجہ سے ہم اس بہت ہی مفید پروگرام کا پورا فائدہ حاصل نہیں کر پاتے۔ کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ ہمسفر پروگرام دونوں زبانوں میں یعنی کشمیری اور اردو میں ہفتے میں دو بار نشر کیا جائے۔ ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کے ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین جی. سے اس پروگرام کے پروڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ سے اور پروگرام کے میزبان رشید نظامی سے بذریعہ اخبار اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہمسفر پروگرام کو اردو زبان میں بھی نشر کیا کریں۔ کیونکہ ہمسفر جیسا مقبول عام پروگرام سماجی اور گھریلو اصلاح کے لئے بہت ہی اہمیت کا حامل پروگرام ہے۔ ہم اس کی افادیت سے محروم نہیں رہنا چاہتے ہیں۔ آخر پر ہم حضرت والا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم سے پورے ادب واحترام کے ساتھ یہ گذارش کرتے ہیں کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی ایک شاخ صوبہ جموں میں بھی کھولی جائے۔ کیونکہ شادی بیاہ کی تقریبات پر جتنی فضول خرچی، جہیز کا لین دین اور دکھاوا کشمیر میں ہوتا ہے اس سے کہیں زیادہ یہاں جموں میں ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمسفر جیسے اصلاح معاشرہ ادارے کی ضرورت جموں والوں کو بھی بہت زیادہ ہے۔

منجانب: محمد اسلم شاہ اور طارق احمد شاہ تالاب کھٹیکاں نزدیک جامع مسجد جموں

Aftab (14/02/2012)

# FKASHMIR UZMA 14 EBRUARY 2012

## ہمسفر کا ریڈیو پروگرام کشمیری کے علاوہ اُردو زبان میں بھی نشر کیا جائے

ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہر ہفتے جمعہ کے دن صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ایک خصوصی پروگرام ہمسفر (Humsafar) نشر ہوتا ہے وہ ہمارے سماج کی اصلاح کے لئے، میاں بیوی کے آپسی تعلقات کو خوشگوار رکھنے کے لئے اور ہماری گھریلو زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے بہت ہی مفید پروگرام ہے۔ یہ پروگرام کشمیری زبان میں نشر کیا جاتا ہے۔ جبکہ یہاں جموں میں ہماری زبان اردو ہے۔ جس کی وجہ سے ہم اس بہت ہی مفید پروگرام کا پورا نفع حاصل نہیں کر پاتے۔ کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ ہمسفر پروگرام دونوں زبانوں میں یعنی کشمیری اور اردو میں ہفتے میں دو بار نشر کیا جائے۔ ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین جی سے، اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ سے اور پروگرام کے میزبان جناب رشید نظامی سے بذریعہ اخبار اپیل کرتے ہیں کہ وہ ہمسفر پروگرام کو اردو زبان میں بھی نشر کیا کریں۔ کیوں ہمسفر جیسا مقبول عام پروگرام سماجی اور گھریلو اصلاح کے لئے بہت بڑی اہمیت کا حامل پروگرام ہے۔ ہم اس کی افادیت سے محروم نہیں رہنا چاہتے ہیں۔ آخر پر ہم حضرت والامحترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم سے پورے ادب واحترام کے ساتھ یہ گذارش کرتے ہیں کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی ایک شاخ صوبہ جموں میں بھی کھولی جائے۔ کیونکہ شادی بیاہ کی تقریبات پر جتنی فضول خرچی، جہیز کا لین دین، اور دکھاوا کشمیر میں ہوتا ہے اس سے کہیں زیادہ جموں میں ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمسفر جیسے اصلاح معاشرہ ادارے کی ضرورت جموں والوں کو بھی بہت زیادہ ہے۔

منجانب: محمد اسلم شاہ اور طارق احمد شاہ تالاب کھٹیکاں نزدیک جامع مسجد جموں

**KASHMIR UZMA 18 FEBRUARY 2012**

# ہمسفر کے اہتمام سے
# سادہ شادی کی ایک اور تقریب

سرینگر//ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے امسال کی سادہ شادی کی تقریبات کا آغاز ہو گیا ہے۔اس سلسلے میں جاری ایک بیان کے مطابق جمعرات 16 فروری کو مسجد نور نائد بونی رعناواری سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد سہ پہر تین بجے کیا گیا جس میں ہمسفر ادارہ کے چیرمین فیاض احمد زورو نے آسان اور سادہ شادی کی اہمیت بیان کی۔فیاض احمد زرو نے فیاض احمد صوفی کا نکاح فریدہ کے ساتھ پڑھایا۔بیان کے مطابق مہر کی پوری مقدار دلہا نے نکاح مجلس میں نقد ادا کر دی۔محلّہ والوں نے اس قسم کی سادہ شادی کا کافی سراہا۔

Kashmir Uzma 18/02/2012

**SRINAGAR TIMES 18 FEBRUARY 2012**

(18/02/2012)

سرینگر ٹائمز

# فیاض احمد صوفی نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دی

## ہمسفر میرج نے اس سال کی شادیوں کا آغاز کیا ہے

سرینگر/ جنرل سیکریٹری لطیف احمد کے مطابق ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے اس سال ۲۰۱۲ء کی سادہ شادیوں کی شروعات ہوگئی ہے۔ اس سلسلے میں ۱۶ فروری جمعرات ۲۰۱۲ء کو مسجد نور نابد بونی رعناوری سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد سہ پہر تین بجے کیا گیا جس میں ہمسفر ادارہ کے چیرمین فیاض احمد زرو نے آسان نکاح اور سادہ شادی کی اہمیت پر بیان فرمایا۔ مجلس میں مسجد نور کے امام صاحب، دولہا اور کئی حضرات نے شرکت کی۔ بیان کے آخر پر چیرمین نے دولہا فیاض احمد صوفی (کمپیوٹر انجینئر فلم ایڈیٹر جے کے چینل سرینگر اور پرائیویٹ فلم ایڈیٹر دور درشن کیندر سرینگر) فرزند حاجی عبدالغنی صوفی ساکن رنگہ پرستان رعناواری سرینگر کا نکاح فریدہ صاحبہ (گورنمنٹ ڈرافٹس مین) دختر مرحوم عبدالکبیر وڈو ساکنہ نابد بونی رعناواری سرینگر کے ساتھ پڑھا دیا۔ مہر کی پوری رقم دولہا نے نکاح مجلس میں ادا کی۔ حاضرین مجلس میں کھجوریں اور مٹھائیاں تقسیم کی۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ نماز عصر ادا کرنے کے بعد دولہا، اس کے ساتھ پانچ افراد، مسجد کے امام صاحب اور ہمسفر کے چیرمین اور ان کے ساتھ ہمسفر دفتر کے دو افراد دولہن کے گھر گئے۔ وہاں پر کسی بھی قسم کی فضول خرچی اور دکھاوا نہیں تھا۔ لڑکی والوں نے سادہ قہوہ پیش کیا۔ محلّہ والوں نے اس قسم کی سادہ شادی کو کافی سراہا۔

**AFTAB 18 FEBRUARY 2012**

# رعناواری کے فیاض احمد صوفی کی سادہ شادی

## ہمسفر کی طرف سے اِس سال کی سادہ شادیوں کی شروعات ہوگئی

ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے اِس سال (2012) کی سادہ شادیوں کی شروعات ہوگئی ہے۔اس سلسلے میں جمعرات ۱۶ر فروری ۲۰۱۲ء کومسجد نورنایدبونی رعناواری سرینگر میں ایک نکاح مجلس کاانعقاد سہ پہر تین بجے کیاگیا۔جس میں ہمسفر ادارہ کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد زرو نے آسان نکاح اورسادہ شادی کی اہمیت پر بیان فرمایا۔مجلس میں مسجد نور کے امام صاحب،دولہااورکئی حضرات نے شرکت کی۔بیان کے آخر پر چیرمین صاحب نے دولہافیاض احمد صوفی صاحب (کمپیوٹرانجینئر،فلم ایڈیٹرجے کے چینل سرینگراور پرائیویٹ فلم ایڈیٹردوردرشن کیندرسرینگر) فرزندحاجی عبدالغنی صوفی ساکن رنگہ پرستان رعناواری سرینگر کانکاح محترمہ فریدہ صاحبہ (گورنمنٹ ڈرافٹس مین) دختر مرحوم عبدالکبیروڈوساکنہ نایدبونی رعناواری سرینگر کے ساتھ پڑھادیا۔مہر کی پوری مقدار دولہانے نکاح مجلس میں نقدادا کردی۔حاضرین مجلس میں کھجوریں اورمٹھائی تقسیم کی گئی۔مجلس کااختتام دعاپر ہوا۔نمازعصرادا کرنے کے بعددولہا،اس کے ساتھ پانچ افراد،مسجد کے امام صاحب اورہمسفر کے چیرمین اوران کے ساتھ ہمسفر دفتر کے دوافراددولہن کے گھر گئے۔وہاں پر کسی بھی قسم کی فضول خرچی اوردکھاوانہیں تھا۔اورنہ ہی عورتوں کی بے پردگی تھی۔اورنہ ہی کسی حرکت سے پڑوسیوں کوکوئی تکلیف ہوئی۔لڑکی والوں نے سب حضرات کی خاطرتواضع سادہ قہوہ سے کی،اوراس کے فوراًبعددولہن اپنے دولہاکے ساتھ سسرال رخصت ہوگئی۔محلہ والوں نے اس قسم کی سادہ شادی کوکافی سراہااوردولہادولہن کی خوشحال ازدواجی زندگی کے لئے دعائیں کیں۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)
ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

Aftab
(18/02/2012)

**BULAND KASHMIR 18 FEBRUARY 2012**

# رعناواری کے جناب فیاض احمد صوفی صاحب نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دی

## ہمسفر کی طرف سے اِس سال کی سادہ شادیوں کی شروعات ہوگئی

سرینگر: ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے کی طرف سے اِس سال (2012) کی سادہ شادیوں کی شروعات ہوگئی ہے۔ اس سلسلے میں سولہ فروری جمعرات ۲۰۱۲ء (16-02-2012) کو مسجد نور نایدبونی رعناواری سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد سہ پہر تین بجے کیا گیا۔ جس میں ہمسفر ادارہ کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے آسان نکاح اور سادہ شادی کی اہمیت پر بیان فرمایا۔ مجلس میں مسجد نور کے امام صاحب، دولہا اور کئی حضرات نے شرکت کی۔ بیان کے آخر پر جناب چیرمین صاحب نے دولہا جناب فیاض احمد صوفی صاحب (کمپیوٹر انجینئر، فلم ایڈیٹر جے کے چینل سرینگر اور پرائیویٹ فلم ایڈیٹر دوردرشن کیندر سرینگر) فرزند حاجی عبدالغنی صوفی ساکن رنگہ پرستان رعناواری سرینگر کا نکاح محترمہ فریدہ صاحبہ (گورنمنٹ ڈرافٹس مین) دختر مرحوم عبدالکبیر وڈو ساکنہ نایدبونی رعناواری سرینگر کے ساتھ پڑھا دیا۔ مہر کی پوری مقدار دولہا نے نکاح مجلس میں نقد ادا کردی۔ حاضرین مجلس میں کھجوریں اور مٹھائی تقسیم کی گئی۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ نماز عصر ادا کرنے کے بعد دولہا، اس کے ساتھ پانچ افراد، مسجد کے امام صاحب اور ہمسفر کے چیرمین اور ان کے ساتھ ہمسفر دفتر کے دو افراد دولہن کے گھر گئے۔ وہاں پر کسی بھی قسم کی فضول خرچی اور دکھاوا نہیں تھا۔ اور نہ ہی عورتوں کی بے پردگی تھی۔ اور نہ ہی کسی حرکت سے پڑوسیوں کو کوئی تکلیف ہوئی۔ لڑکی والوں نے سب حضرات کی خاطر تواضع سادہ قہوہ سے کی، اور اس کے فوراً بعد دولہن اپنے دولہا کے ساتھ سسرال رخصت ہوگئی۔ محلہ والوں نے اس قسم کی سادہ شادی کو کافی سراہا اور دولہا دولہن کی خوشحال ازدواجی زندگی کے لئے دعائیں کیں۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

تاریخ اجراء: 17، فروری 2012ء

18/02/2012 ( Buland Kashmir ).

**GREATER KASHMIR 21 FEBRUARY 2012**

Greater Kashmir (21/02/2012)

## ہمسفر پروگرام کے پرڈیوسر

## جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب کا بہت بہت

# شکریہ

ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے پروگرام ہمسفر نشر ہوتا ہے۔جس میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم سبق آموز باتیں بیان فرماتے ہیں۔اس پروگرام سے ہمارے گھروں میں بہت سدھار آگیا ہے اور گھروں کا ماحول بہت اچھا بن رہا ہے۔اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب کا ہم بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمسفر جیسا اصلاح معاشرہ والا پروگرام ریڈیو کشمیر سرینگر کیلئے تیار کیا ہے اللہ تعالیٰ ان کو دنیا اور آخرت میں بہت اجر وثواب عطا کرے۔آمین۔

منجانب: انیس منظور حاجی اور رقیہ منظور حاجی قاضی پورہ بانڈی پورہ کشمیر

موبائل نمبر 7298709109

**AFTAB 29 FEBRUARY 2012**

# ہمسفر میرج کونسلنگ جیسے ادارے کا بھرپور تعاون کرنا ہماری مذہبی اور اخلاقی ذمہ داری ہے

کشمیر میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کی ایک بڑی وجہ شادیوں میں اِسراف، فضول خرچی اور بُری رسومات ہیں۔ جن کی وجہ سے بالغ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں وقت پر نہیں ہو پاتی ہیں، جس کی وجہ سے وہ پھر بے راہ روی کی شکار ہو جاتی ہیں۔ بے راہ روی کو صرف تقریروں سے نہیں بلکہ عملی طور اقدام کرنے سے ختم کیا جا سکتا ہے۔اس سلسلے میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell) کے نام سے جو ادارہ سرینگر کشمیر میں قائم کیا گیا ہے، اور جس کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ہیں، وہ لوگوں کو نیک راہ دکھا کر اس پر چلنے کے لئے آمادہ کرتا ہے۔اس ادارہ کے ذریعہ سے لوگوں کو نکاح اور شادی کے متعلق اسلامی تعلیمات کی جانکاری دینے کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی ان کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق سادگی کے ساتھ اور آسان طریقہ پر انجام دلوائی جاتی ہیں۔ بے شک ہمسفر ادارہ کا کام بہت ہی نیک، جرأت مندانہ اور بہت ہی قابل تحسین ہے۔ اگر غیر مسلموں میں کوئی اصلاح معاشرہ کا کام عملی طور پر کرتا ہے، تو لوگ اور میڈیا اس کو اپنا بھرپور تعاون دیتے ہیں۔ میں اپنی طرف سے میڈیا کے علاوہ مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے لوگوں، دینی جماعتوں، سماجی اور فلاحی اداروں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ کسی تعصب اور تنگ نظری کے بغیر ہمسفر میرج کونسلنگ سیل ادارے کو تعاون دینے کے ساتھ ساتھ اس ادارے پر جا کر اس سے سبق حاصل کر کے ہر تحصیل اور ہر ضلع میں ہمسفر جیسے ادارے قائم کریں۔ کیوں کہ بے راہ روی کو ختم کرنے کے لئے ہمسفر جیسے اداروں کی اس قوم کو بہت ضرورت ہے۔ جبکہ ملک کے بڑے بڑے سکالروں اور دانشوروں کی طرف سے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو سراہنا اور بہت پذیرائی ملی ہے، اور مل رہی ہے۔ مگر لگتا ہے کہ اکثر کشمیری ابھی تک خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں، ان کو ہمسفر ادارے کی اہمیت اور افادیت کی پوری طرح سے خبر ہی نہیں ہے۔ یہاں پر اس بات کا تذکرہ کرنا بہت مناسب سمجھتا ہوں۔ کہ اس عظیم الشان ادارے کا ایک مثالی ریڈیو پروگرام ہمسفر (HUMSAFAR) کے نام سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب ہیں۔ ہمسفر کے اس ریڈیو پروگرام سے ہمارے گھروں کے اندر اور ہمارے سماج میں ایک ایسی اچھی اور صالح تبدیلی آنا شروع ہوگئی ہے جس کی برکت سے کئی جرائم اور گناہوں کا صفایا ہو سکتا ہے۔

خدائے پاک جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے، آمین۔

منجانب: جاوید احمد بٹ ولد ثناء اللہ بٹ ساکن: بونہ دیالگام اسلام آباد کشمیر

(Aftab
29/02/2012)

# SRINAGAR TIMES 29 FEBRUARY 2012

SRINAGAR TIMES
srinagar: 29th-Feb-2012

## ہمسفر ادارہ لوگوں کو نیک راہ دکھا کر اُس پر چلنے کیلئے آمادہ کرتا ہے

### اس کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہماری مذہبی اور اخلاقی ذمہ داری: جاوید بٹ

سرینگر/ کشمیر میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کی ایک بڑی وجہ شادیوں میں اسراف ،فضول خرچی اور بُری رسومات ہیں۔جن کی وجہ سے بالغ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں وقت پر نہیں ہو پاتی ہیں،جس کی وجہ سے وہ پھر بے راہ روی کی شکار ہو جاتی ہے۔بے راہ روی کو صرف تقریروں سے نہیں بلکہ عملی طور اقدام کرنے سے ختم کیا جاسکتا ہے۔اس سلسلے میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell) کے نام سے جو ادارہ سرینگر کشمیر میں قائم کیا گیا ہے،اور جس کے ڈائریکٹر محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ہیں، وہ لوگوں کو نیک راہ دکھا کر اس پر چلنے کیلئے آمادہ کرتا ہے۔اس ادارہ کے ذریعہ سے لوگوں کو نکاح اور شادی کے متعلق اسلامی تعلیمات کی جانکاری دینے کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی ان کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق سادگی کے ساتھ اور آسان طریقہ پر انجام دلوائی جاتی ہے۔بے شک ہمسفر ادارہ کا کام بہت ہی نیک، جرات مندانہ اور بہت ہی قابل تحسین ہے۔اگر غیر مسلموں میں کوئی اصلاح معاشرہ کا کام عملی طور پر کرتا ہے،تو لوگ اور میڈیا اس کو اپنا بھر پور تعاون دیتے ہیں۔میں اپنی طرف سے میڈیا کے علاوہ مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے لوگوں،دینی جماعتوں،سماجی اور فلاحی اداروں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ کسی تعصب اور تنگ نظری کے بغیر ہمسفر میریج کونسلنگ سیل ادارے کے تعاون دینے کے ساتھ ساتھ اس ادارے پر جا کر اس سے سبق حاصل کر کے ہر تحصیل اور ہر ضلع میں ہمسفر جیسے ادارے قائم کریں۔کیوں کہ بے راہ روی کو ختم کرنے کیلئے ہمسفر جیسے اداروں کی اس قوم کو بہت ضرورت ہے۔جبکہ ملک کے بڑے بڑے سکالروں اور دانشوروں کی طرف سے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو سراہنا اور بہت پذیرائی ملی ہے، اور مل رہی ہے۔مگر لگتا ہے کہ اکثر کشمیری ابھی تک خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں، ان کو ہمسفر ادارے کی اہمیت اور افادیت کی پوری طرح سے خبر ہی نہیں ہے۔یہاں پر اس بات کا تذکرہ کرنا بہت مناسب سمجھتا ہوں۔ کہ اس عظیم الشان ادارے کا ایک مثالی ریڈیو پروگرام ہمسفر (Humsafar) کے نام سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب ہیں۔ہمسفر کے اس ریڈیو پروگرام سے ہمارے گھروں کے اندر اور ہمارے سماج میں ایک ایسی اچھی اور صالح تبدیلی آنا شروع ہوگئی ہے،جس کی برکت سے کئی جرائم اور گناہوں کا صفایا ہو سکتا ہے۔خدائے پاک جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائیں۔آمین

**GREATER KASHMIR 29 FEBRUARY 2012**

# ہمسفر کے ریڈیو پروگرام میں بوڑھے والدین کی حوصلہ افزائی کرنے پر بہت بہت شکریہ

مورخہ 24 فروری جمعہ 2012 کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا پروگرام نشر ہوا، اُس میں جو والدین کے حقوق اور خاص کر بوڑھے والدین کی خدمت اور حُسن سلوک کرنے پر اولاد کو نصیحت آموز باتیں سنائی گئی۔ اُس سے والدین اور خاص کر بوڑھے والدین کی بہت حوصلہ افزائی ہوئی۔ اس پر ہم محترم فیاض احمد زرو صاحب کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اُن کی باتیں دل کو اثر کرنے والی ہوتی ہیں۔ اس ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ صاحب کو اتنا مفید اور شاندار پروگرام تیار کرنے پر ہم اُن کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

**ازطرف**: غلام نبی ریشی، اہلیہ غلام نبی ریشی اور عبدالرحمان ریشی

**اومپورہ بڈگام کشمیر**

Greater Kashmir (29/02/2012)

**KASHMIR UZMA 29 FEBRUARY 2012**

# ہمسفر ادارہ لوگوں کو نیک راہ دکھا کر اُس پر چلنے کے لئے آمادہ کرتا ہے

## اس اصلاحی ادارے کا بھرپور تعاون کرنا ہماری مذہبی اور اخلاقی ذمہ داری ہے

کشمیر میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کی ایک بڑی وجہ شادیوں میں اسراف، فضول خرچی اور بُری رسومات ہیں۔ جن کی وجہ سے بالغ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں وقت پر نہیں ہو پاتی ہیں جس کی وجہ سے وہ پھر بے راہ روی کی شکار ہو جاتی ہیں۔ بے راہ روی کو صرف تقریروں سے نہیں بلکہ عملی طور اقدام کرنے سے ختم کیا جاسکتا ہے۔ اس سلسلے میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل (Humsafar Marriage Counselling Cell) کے نام سے جو ادارہ سرینگر کشمیر میں قائم کیا گیا ہے اور جس کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ہیں، وہ لوگوں کو نیک راہ دکھا کر اں پر چلنے کے لئے آمادہ کرتا ہے۔ اس ادارہ کے ذریعہ سے لوگوں کو نکاح اور شادی کے متعلق اسلامی تعلیمات کی جانکاری دینے کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی ان کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق سادگی کے ساتھ اور آسان طریقہ پر انجام دلوائی جاتی ہیں۔ بے شک ہمسفر ادارہ کا کام بہت ہی نیک، جرأت مندانہ اور بہت ہی قابل تحسین ہے۔ اگر غیر مسلموں میں کوئی اصلاح معاشرہ کا کام عملی طورر کرتا ہے تو لوگ اور میڈیا اس کو اپنا بھرپور تعاون دیتے ہیں۔ میں اپنی طرف سے میڈیا کے علاوہ مسلمانوں کے تمام مکاتب فکر کے لوگوں، دینی جماعتوں سماجی اور فلاحی اداروں سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ کسی تعصب اور تنگ نظری کے بغیر ہمسفر میریج کونسلنگ سیل ادارے کو تعاون دینے کے ساتھ ساتھ ادارے پر جا کر اس سے سبق حاصل کر کے ہر تحصیل اور ہر ضلع میں ہمسفر جیسے ادارے قائم کریں۔ کیوں کہ بے راہ روی کو ختم کرنے کے لئے ہمسفر جیسے اداروں کی اس قوم کو بہت ضرورت ہے۔ جبکہ ملک کے بڑے بڑے سکالروں اور دانشوروں کی طرف سے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو سراہنا اور بہت پذیرائی ملی ہے۔ ادھر مل رہی ہے۔ مگر لگتا ہے کہ اکثر کشمیری ابھی تک خواب غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان کو ہمسفر ادارے کی اہمیت اور افادیت کی پوری طرح خبر ہی نہیں ہے۔ یہاں پر اس بات کا تذکرہ کرنا بہت مناسب سمجھتا ہوں۔ کہ اس عظیم الشان ادارے کا ایک مثالی ریڈیو پروگرام ہمسفر (Humsafar) کے نام سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب ہیں۔ ہمسفر کے اس ریڈیو پروگرام سے ہماری گھروں کے اندر اور ہمارے سماج میں ایک ایسی اچھی اور صالح تبدیلی آنا شروع ہو گئی ہے جسکی برکت سے کئی جرائم اور گناہوں کا صفایا ہو سکتا ہے۔ خدائے پاک جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا فرمائے آمین۔

منجانب: جاوید احمد بٹ ولد ثناء اللہ بٹ ساکنہ بونہ دیولگام اسلام آباد

Kashmir Uzma
29/02/2012